# حکومتِ آسٹریلیا

## آسٹریلین کمشنر برائے اطلاعات کے دفتر سے

**ان تمام افراد کے لئے جنہیں مورخہ 31/ جنوری سنہ 2014ء تک بسلسلۂ ہجرت حراست میں لیا گیا**

### پس منظر

1. 10 فروری سنہ 2014ء کو محکمہ مہاجرین وسرحدی حفاظت نے اپنی ویب سائٹ پر ایک حراستی رپوٹ غلطی سے شائع کی، جوان افراد کی ذاتی تفصیلات پر مشتمل تھی جنہیں سہولیات برائے محروس مہاجرین کے زمرے میں 31/ جنوری سنہ 2014ء تک قید حراست میں لیا گیا یا اس برادری میں جنکی رہائش یا متبادل جائے حراست زیرِ تعین تھی (معلوماتی خلاف ورزی)

1. شخصی معلومات محکمہ کی ویب سائٹ (سے بتاریخ 19/ فروری کو اور انٹرنیٹ کے ریکارڈ سے 27/ فروری سنہ 2014ء کو ہٹادی گئیں۔

2. مورخہ 30/ اگست سنہ 2015ء کو ان افراد کی جانب سے جنکی ذاتی تفصیلات غلطی سے محکمہ کی ویب سائٹ پر شائع کی گئیں تھیں، ایک درخواست نمائندہ برائے شکایت کی طرف سے کمشنر کو تمام لوگوں کی طرف سے پیش کی گئی۔

### نمائندہ برائے شکایت کیا ہے؟

3. درخواستِ نمائندگی برائے شکایت قانونِ رازداری (Cth)1988 کے تحت کمشنر اطلاعات کو دی جانے والی وہ درخواست ہوتی ہے جو کسی شخص کے ذاتی معاملات میں مداخلت کے عمل وفعل ارتکاب پر کوئی شخص کسی دوسرے فرد کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوے دیتا ہے۔کمشنر اعلامیہ جاری کر سکتا ہے کہ جماعتِ متاثرین مقدمہ درخواست میں مذکورہ وجہ، عمل یا فعل کے مطابق تلافیٔ نقصان کی مستحق ہے یا درخواست کے مطابق عمل کرتا ہے

### یہ نوٹس کیوں اہم ہے؟

4. کمشنر کو کسی فرد کے معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات ذاتی کی خلاف ورزی پر ہونے والے نقصاناتِ ذاتی کی تلافی کا مستحق قرار دینے اور نمائندہ برائے شکایت کی درخواستِ پر مقصد کی قطعیت متعین کرنے کے لئے آپ کی طرف سے معلومات درکار ہوتی ہیں۔

5. اگر اپ معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات ذاتی (معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات رازداری) کی خلاف ورزی کے متاثرہ شخص ہیں اور مذکورہ تفصیلات ذیل فراہم کرنے سے قاصر ہوں یا آپ کی فراہم کردہ معلومات اطمینان بخش نہ ہوں تب کمشنر اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کے معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات رازداری کے سلسلہ میں آپ کسی قسم کی تلافیٔ نقصانات کے مستحق نہیں ہیں اور ہو سکتا ہے کہ آپ کو معاوضہ نہ دیا جائے۔

### مجھے کیا کرنا چاہیے؟

1. اگر اپ معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات ذاتی کی خلاف ورزی کے متاثرہ شخص نہیں ہیں تب اپ معاوضہ کے مستحق نہیں ہیں اور اپ اس اعلامیہ (Notice) کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔

2. اگر اپ ایسا یقین کرتے ہیں کہ اپ معاہدءعدم اخفاء تفصیلات ذاتی کی خلاف ورزی کے متاثرہ شخص ہیں اور چاہتے ہیں اس نقصان کا ممکنہ طور پر کامیابی سے ازالہ ہو تو اپ کمشنر اطلاعات کو ان نقصانات سے آگاہ کریں۔

1. اپ وہ تمام متعلقہ معلومات فراہم کریں جو اپ سمجھتے ہیں نقصانات کا سبب بنے ہیں۔

2. فراہم کردہ معلومات حلف نامہ کی شکل میں ہوں یا اپنے الفاظ میں دستخط شدہ بیانیہ ہو۔ مروج معیار کے مطابق حلف نامہ یا دستخط شدہ بیانیہ کی اہمیت کم ہو گی۔

3. فراہم کردہ معلومات میں شواہد وقوع واقعہ انحرافِ معاہدہ کے وقت سے شامل کی جائیں یا اس وقت سے شامل کی جائیں جب آپ کے علم میں پہلی مرتبہ یہ بات آئی جیسے وہ طبی رپورٹس جو آپ کے ہونیوالے علاج کی تفصیلات پر مشتمل ہیں اور انکے منظر عام پر آنے سے اپ کیا محسوس کرتے ہیں۔ ان طبی رپورٹس کو جو اس اعلامیہ کی تاریخ اجراء کے بعد تیار کی جائیں کم اہمیت کی حامل ہو نگی۔

4. آپ کیطرف سے لکھے جانے والے خطوط کے جواب آپ کے الفاظ میں نہ ہوں کم اہمیت کے حامل ہو نگے۔

5. کمشنر نیچے دی گئی تاریخ کے گذرنے کے بعد فراہم کردہ معلومات پر غور نہیں کر سکتا۔

3. آپ کو یہ معلومات oaic.gov.au/repcomplaint پر موجود جوابی فارم کو اپ لوڈ کرنا ضروری ہے۔ آپ معلومات repcomplaint@oaic.gov.au یا GPO Box 5218, Sydney, NSW 2001 کو بھیج کر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔ . آپ کو معلومات فراہم کرتے وقت تمام تفصیلات کا احاطہ کرنا چاہیے بشمول مکمل نام، تاریخ پیدائش اور ایسا کوئی شناختی نمبر جو محکمہ امیگریشن نے جاری کیا ہو تا کہ محکمہ آپ کی شناخت کر سکے اور OAIC تک آپ کی پہنچ کو یقینی بنا سکے۔

4. کسی بھی اطلاع کا 19 / اپریل سنہ 2018ء تک بھیج دیا جانا ضروری ہے۔

**درخواستِ نمایندگی برائے شکایت سے لاتعلق ہونا۔**

1. اگر اپ اس بات کے لئے راضی نہیں ہیں اپ درخواستِ نمایندگی برائے شکایت دیں اور اپکی طرف سے دی جانیوالی درخواستِ نمایندگی برائے شکایت کا حصّہ نہیں بنّا چاہتے تو اپ ایسا موقف کسی بھی وقت اختیار کر سکتے ہیں۔ اسکے لئے اپ OAIC کی ویب سائٹ oaic.gov.au/repcomplaint پر جائیں اور جوابی فارم بھریں۔

2. اسطرح کا موقف اختیار کرنا آپکے انحرافِ معاہدہ عدم اخفاء تفصیلات رازداری کی ضمن میں حصول معاوضہ کی اہلیت کو متاثر کر سکتا ہے برائے مہربانی جوابی فارم پر دی گی تفصیلات غور سے پڑھیں

**سوالات اور مدد**

1. اگر اپکو اعلامیہ کے جواب دینے کے لئے کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہے یا اعلامیہ کی کسی شق کی وضاحت مطلوب ہے تو براہ کرام OAIC کے نمبر 992 363 1300 پر رابطہ کریں یا repcomplaint@oaic.gov.au پر ای میل کریں۔

نوٹ: ان تمام گروپ اراکین کے لئے جنھیں 31 جنوری 2014 کو حراستِ مہاجرین کے تحت جواب دہی درکار ہے کے وقت میں قائم مقام کمشنر نے مزید 14 ہفتوں کی توسیع کی ہے۔ اب آخری تاریخ برائے داخلہ جواب 19 اکتوبر 2018 ہے ۔ اب یہ توقع نہ رکھی جائے کہ وقت میں مزید توسیع دی جائے گی۔

نوٹ: جو لوگ حراست برائے مہاجرین ۳۱/ جنوری ۲۰۱۴ میں تھے ان کے جوابات کی تاریخ ۱۹/ اکتوبر ۲۰۱۸ تھی۔ اب جوابات جمع کرانے کی تاریخ بند کر دی گئی۔ آخری تاریخ گزرنے کے بعد کمشنر ان لوگوں سے درخواست وصول کریں گے جو کہ:

(الف) جن کے پاس کوئی نمایاں اطلاع محکمہ کے لئے ہو۔ ذاتی طور پر وہ اشخاص جنہوں نے اپنی گذارش یا درخواست میں متعلقہ اطلاع ۱۹/ اکتوبر ۲۰۱۸ یا اس سے قبل محکمہ امور داخلہ کو بھیجیں ہوں لیکن ان کی درخواست یا گذارش کا جواب موصول نہیں ہوا تھا۔

یا

(ب) حال ہی میں انہیں محکمہ کی طرف سے اطلاع مہیا کی گئی۔ ایسے تمام اشخاص جنہوں نے ۱۹/ اکتوبر ۲۰۱۸ سے قبل اپنی پیشگی درخواست یا گذارش محکمہ امور داخلہ میں دے دی لیکن انکی درخواست یا گذارش پر فیصلہ ۱۵/ ستمبر ۲۰۱۸ یا اس کے بعد مل گیا۔

ایسے تمام اشخاص جو زمرہ (الف) یا (ب) میں آتے ہوں جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا ہے ان کو اجازت دی گئی ہے کہ فیصلہ ملنے کے ۴۰ دن کے اندر اپنے جوابات مہیا کر دیں معہ اپنی درخواست اور گذارش کے جس میں معلومات اور ضروری مواد جو کہ فیصلہ کے موضوع کے تعلق سے ہو وہ اشخاص جن کے متعلق یہ تعین کیا گیا ہو کہ زمرہ (الف) یا (ب) میں آتے ہیں ان سے محکمہ امور داخلہ انفرادی طور پر رابطہ کرے گا۔

---

**CERTIFICATION**

***This is to certify that the foregoing Urdu text is a true and accurate translation of the Photostat document in the English language prepared by me.***

*Sydney*
*October 27, 2018*

*Signature*............
**Mohammad Mahmud Khan**
NAATI Accredited-14171

---

**3/37, Macdonald Street, Lakemba NSW 2195**
**Phone: 0414697050**